# 09-07-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیر جے پی نڈا نے تلنگانہ حکومت کو ضرورت کے مطابق کھاد کی سربراہی کا یقین دلایا ہے۔

۲۔ریاست کے نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے تلنگانہ کو عصری اور ترقی کرنے والا شہر قرار دیتے ہوئے اسے سرمایہ کاری کیلئے جنت قرار دیا۔

۳۔ایکسائز کے وزیر کرشنا راؤ نے تیقن دیا ہے کہ ریاست میں ملاوٹ شدہ شراب کی فروخت کو روکنے کے لئے سخت اقدامات کئے جائیں گے۔کل پیش آئے واقعہ کا تعلق کوکٹ پلی میں واقع شراب کمپاؤنڈ کے منتظمین سے ہے جنہیں گرفتار کرلیا گیا ہے۔

اور

۴۔سنگارینی کالریز کمپنی میں کوئلہ کی پیداوار متاثر رہی کیونکہ ورکرس نے مخالف لیبر پالیسیوں کے خلاف ملک بھر میں جاری احتجاج کے تحت ایک روزہ ہڑتال میں حصہ لیا۔

NADDA

کیمیکلز اور فرٹیلائزرس کے مرکزی وزیر جے پی نڈا نے تلنگانہ حکومت کو کسانوں کے حقیقی مسائل کی یکسوئی کیلئے تمام تر تعاون کرنے کا یقین دلایا ہے جبکہ انہوں نے عہدیداروں سے کہا کہ کھاد کی سربراہی ضرورت کے مطابق یقینی بنائی جائے۔ریاستی وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کل نئی دہلی میں نڈا سے ملاقات کی تھی جس میں انہوں نے ریاست میں کھاد کی دستیابی کے تعلق سے بات چیت کی۔سی ایم نے مصروف خریف فصل کے پیش نظر جولائی اور اگست کے مہینوں میں بلا وقفہ کھاد کی سربراہی کی خواہش کی۔نڈا نے ریاست میں کھاد کے ضرورت سے زیادہ استعمال پر تشویش کا اظہار کیا۔محکمہ فرٹیلائزرس کے سکریٹری رجت کمار مشرا نے پی ایم پرانام اسکیم کے تعلق سے تفصیلات بیان کی۔اس اسکیم کے تحت ریاستی حکومتیں کیمیائی کھاد کا حد درجہ استعمال سے بچتی ہے اور ان کا متوازن استعمال ہوتا ہے۔

VIVEK SWAMY

محنت وروزگار کے ریاستی وزیر وویک وینکٹ سوامی نے آج کہا ہے کہ کانگریس حکومت، شفاف حکمرانی کیلئے پر عزم ہے۔ اس کے علاوہ حکومت ملازمین کے حقوق اور عوامی اعتماد کی بحالی کیلئے بھی عزم رکھتی ہے۔ گاندھی بھون نامپلی میں واقع پارٹی ہیڈکوارٹر پر آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے سوامی نے کہا کہ بی آر ایس حکمرانی کے تحت پچھلی دہائی کے دوران عام آدمی کو وزرا سے ملاقات کا موقع نہیں دیا جاتا تھا تاہم اب وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں تمام وزرا تک عوام کی رسائی ممکن ہے۔ وزیر نے اس موقع پر عوام اور وزرا کے درمیان ربط کیلئے انتظامات کرنے پر پی سی سی صدر مہیش کمار گوڑ کی ستائش کی۔

BHATTI

ریاستی نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ نے تلنگانہ کو عصریت اور پیشرفت کا علاقہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے تلنگانہ کو سرمایہ کاری کیلئے جنت قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہاں ترقی کے تمام تر مواقع موجود ہیں۔ وہ آج حیدرآباد میں واقع سوماجی گوڑہ میں چیف فینانشیل آفیسرس کی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے جو کنفیڈریشن آف انڈین انڈسٹری کی جانب سے منعقد کی گئی تھی۔ ریاست میں شہری علاقوں میں تیزی سے پھیلاؤ اور سرمایہ کاری کیلئے موجود سازگار ایکو سسٹم کو اجاگر کرتے ہوئے بھٹی نے کہا کہ تلنگانہ مختلف شہری علاقوں جیسے حیدرآباد، سکندرآباد اور سائبرآباد پر مشتمل ہے جبکہ ریاست میں جلد ہی فیوچر سٹی بھی شامل کیا جائے گا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے صنعتکاروں سے کہا کہ نہ صرف تعلیم بلکہ خواتین اور کسانوں کو بااختیار بنانے کیلئے کارپوریٹ سوشیل ریسپانسی بلٹی فنڈس استعمال میں لائیں جائیں۔

SINGARENI

سنگارینی کالریز کوئلہ کی کان میں آج کام کاج اس وقت رک گیا جب زیر زمین اور کھلے مقام پر کام کرنے والے کانکنوں نے ایک دن کی ہڑتال میں حصہ لیا۔ یہ ہڑتال، سنگارینی ورکرس جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی جانب سے ملک بھر میں کئے گئے احتجاج کے اعلان پر کی گئی۔ احتجاجیوں نے مرکز کے چار نئے لیبر قواعد پر نظرثانی کرنے عوامی شعبوں کو خانگیانے کی مخالفت میں یہ احتجاج کیا۔ جس میں آئی این ٹی یو سی، اے آئی ٹی یو سی اور ٹی بی جی کے ایس نے بھی حصہ لیا۔ ایمرجنسی اسٹاف کے ماسوا بیشتر ورکرس نے اس احتجاج میں حصہ لیا۔ ہڑتال کی بنا پر صرف بھوپال

پلی ڈویژن میں تخمیناً 6 ہزار میٹرک کوئلہ کی پیداوار متاثر ہوئی۔ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ سے نمٹنے کیلئے سخت سیکورٹی بندوبست کیا گیا تھا۔ اس کے علاوہ ضلع ورنگل کے چلپوریں واقع کاکتیا تھرمل پاور پلانٹ میں بھی ملازمین نے کام کا بائیکاٹ کیا۔ منگوڑ میں سی آئی ٹی یو اور دیگر مسلمہ تنظیموں نے سخت احتجاج کرتے ہوئے مرکزی حکومت پر سخت محنت کرنے والے مزدوروں کے حقوق چھین لینے کا الزام عائد کیا۔

TODDY

ایکسائز کے ریاستی وزیر جو پلی کرشنا راؤ نے کہا ہے کہ کوکٹ پلی علاقہ میں واقع شراب کے کمپاؤنڈس کے منتظمین، ملاوٹی دیسی شراب پینے کے نتیجہ میں پیش آئے واقعہ کے ذمہ دار ہیں، جنہیں گرفتار کرلیا گیا ہے۔ گاندھی اور نمس ہاسپٹلوں میں متاثرہ افراد کی عیادت کرنے کے بعد آج میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وزیر نے بتایا کہ کل ملاوٹی دیسی شراب پینے سے 19 افراد بیمار پڑ گئے جن میں 15 افراد کا علاج نمس میں، دو افراد کا گاندھی میں اور دیگر دو افراد کا علاج خانگی دواخانہ میں کیا جارہا ہے۔ کرشنا راؤ نے کہا کہ حکومت نے اس طرح کے واقعات کو روکنے کیلئے ضروری اقدامات کرنے کا فیصلہ کیا ہے جن میں شراب کے کمپاؤنڈس بند کرنے جیسے اقدامات شامل ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ جانچ کیلئے نمونے کیمیکل لیاب کو روانہ کئے گئے ہیں۔ انہوں نے اس واقعہ کے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کا انتباہ دیا۔ اسی دوران وزیر صحت دامودھر راج نرسمہا نے ڈاکٹرس سے کہا کہ مریضوں کے بہتر علاج کو یقینی بنایا جائے۔

SIGACHI

سیگاچی انڈسٹریز لمیٹڈ دھماکہ کیس میں 8 گمشدہ افراد کا ہنوز کوئی پتہ نہیں چل پایا ہے لہٰذا ریاستی حکومت نے اس سلسلہ میں ایک اہم فیصلہ لیا ہے۔ ضلع انتظامیہ اِس نتیجہ پر پہنچا ہے کہ گمشدہ 8 افراد راہول، شیواجی، وینکٹیش، وجئے، اکھلیش، جسٹن، روی اور عرفان، شائد دھماکہ میں پرخچے اڑ گئے۔ انتظامیہ اس وقت اس نتیجہ پر پہنچا جب سنٹرل فارنسک سائنس لیباریٹری کو روانہ کردہ 100 سے زائد نمونوں کے ڈی این اے اِن 8 افراد سے میل نہیں کھاتے۔ ایڈیشن کلکٹر چندر شیکھر کی قیادت میں عہدیداروں نے آج اِن افراد کے خاندانوں کو یہ بات بتائی۔ عہدیداروں نے گمشدہ افراد کے خاندانوں کو یقین دلایا کہ Death سرٹیفکیٹ کی اجرائی کا عمل اندرون تین ماہ مکمل کرلیا جائے گا اور ایکس گریشیاء کے علاوہ دیگر امداد بھی جلد دی جائیں گی۔

WEATHER

ریاست کے اضلاع عادل آباد اور کمرم بھیم آصف آباد میں شدید بارش کے علاوہ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا قوی امکان ہے۔ اسی طرح ریاست کے چند ایک اضلاع میں بھی کہیں کہیں بجلیاں چمکنے کے ساتھ ساتھ بوندہ باندی بھی ہوسکتی ہے۔ ریاست کے تمام اضلاع میں مختلف مقامات پر تیز ہوائیں چلنے کا بھی قوی امکان ہے۔

ADD SINGARENI

حیدرآباد میں ایک ریالی نکالی گئی جو باغ لنگم پلی سے شروع ہوئی۔ یونین کے ورکرس، یومیہ اجرت پر کام کرنے والے اور دیگر کارکنوں نے معیاری لیبر قوانین کو نافذ کرنے کے مطالبہ پر نعرے لگائے اور ملازمین کے حقوق کی حفاظت کیلئے ٹھوس اقدامات کرنے کا بھی مطالبہ کیا۔

BANDI SANNJAY

مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے آج ضلع کریم نگر کے امبیڈکر اسٹیڈم نے گورنمنٹ اسکولوں کے دسویں جماعت کے طلبہ میں سائیکلیں تقسیم کیں۔ اس دوران بنڈی سنجے نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی نے عوام کے ساتھ کھڑے ہونے اور سماج کی خدمت کے لئے انہیں تحریک دی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سائیکلوں کی تقسیم کا منصوبہ ضلع کلکٹر نے پیش کیا۔ لہذا بیٹی بچاؤ، بیٹی پڑھاؤ اقدام کے تحت طالبات میں سائیکلوں کی تقسیم فائدہ مند ثابت ہوگی۔ بنڈی سنجے نے مزید بتایا کہ مودی حکومت تعلیم کے شعبہ کو بہت زیادہ اہمیت دے رہی ہے جبکہ سال 2025-26ء کے تحت اس شعبہ کیلئے ایک لاکھ 28 ہزار 650 کروڑ روپے مختص کئے گئے جبکہ 2014-15ء میں یہ رقم 68 ہزار 728 کروڑ روپے تھی۔

Women Cricket

ہندوستانی ویمنس کرکٹ ٹیم کا مقصد انگلینڈ کے خلاف T20 سیریز جیتنا ہوگا جیسا کہ آج دونوں ٹیموں کے درمیان برطانوی شہر مانچسٹر کے اولڈ ٹریفورڈ گراؤنڈ پر چوتھا T20 میاچ کھیلا جائے گا۔ یہ میاچ ہندوستان معیارِ وقت کے مطابق 11 بجے شب سے شروع ہوگا۔ سیریز میں ہندوستان ٹیم کو 2-1 سے سبقت حاصل ہے جبکہ پچھلے میاچ میں اسے محض 5 رن سے شکست ہوئی تھی۔

OO